Urdu

آپ کی صحت، فلاح اور مالی امور کے بارے میں فیصلے کرنا...

جب آپ خود فیصلے نہ کرسکیں تو کون کرتا ہے؟

ایک نیا قانون ہے جو مدد کرسکتا ہے

کیا آپ کو ایسی کوئی بیماری، چوٹ یا معذوری ہے جس کی وجہ سے آپ کو فیصلے کرنے میں دشواری ہوسکتی ہے ؟

کیا آپ کسی ایسے شخص کی نگہداشت کرتے ہیں، ساتھ کام کرتے ہیں، یاواقف ہیں جسے فیصلے کرنے میں دشواری کا سامنا ہو ؟

کیا آپ ایسے وقت کے لئے کوئی پیشگی منصوبہ بنانا چاہتے ہیں جب آپ مستقبل میں اپنے لئے اہم فیصلے کرنے کے قابل نہ رہیں ؟

اس سلسلے میں نیا قانون ہے جس سے مدد مل سکتی ہے۔

مینٹل کیپیسیٹی ایکٹ 2005

روزانہ ہم اپنی زندگی کی بہت سی چیزوں کے بارے میں فیصلے کرتے ہیں۔ فیصلے کرنے کی اہلیت کو دماغی صلاحیت کہتے ہیں۔ لوگوں کو ہر وقت یا کبھی کبھی کچھ فیصلے کرنے میں دشواری کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ایسا اسلئے ہوسکتا ہے کیونکہ وہ درج ذیل سے متاثر ہوسکتے ہیں :

- آموزشی معذوری
- فطور دماغ (ڈیمنشیا)
- دماغی صحت سے متعلق مسئلہ
- دماغ میں چوٹ یا فالج (دورہ)

اور ہم میں سے کوئی بھی پیشگی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں کیونکہ ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں دماغی صلاحیتوں سے محروم ہو جائے، مثال کے طور پر کسی حادثے کی وجہ سے۔

مینٹل کیپیسیٹی ایکٹ انگلینڈ اور ویلز کے ایسے حالات والے لوکوں کے لئے ہوگا۔ اس قانون سے ان کے کنبے، نگراں، صحت اور سماجی نگہداشت کے عملے، اور دیگر وہ لوگ بھی متاثر ہوں گےجن کا ان سے رابطہ ہوسکتا ہے۔ یہ کسی فرد کے اہل نہ ہونے کی صورت میں تمام قسم کے بڑے فیصلوں کا احاطہ کرسکتا ہے، جیسے مالی امور، سماجی نگہداشت، طبی معالجہ اور تحقیقی سے متعلق انتظامات، ساتھ ہی روزمرہ کے فیصلے۔

عام طور پر یہ ایکٹ 16 سال یا زیادہ عمر کے لوگوں کو متاثر کرے گا۔

یہ ایکٹ اپریل 2007 سے نافذ کیا جا رہا ہے۔ اپریل میں انڈیپنڈنس مینٹل کیپیسیٹی ایڈووکیٹ (IMCA) کے ضوابط (انگلینڈ میں) اور مجرمانہ عمل سے متعلق نیا قانون نافذ ہو جائے گا۔ اکتوبر میں اس ایکٹ کے تحت ویلز اور دیگر صوبوں میں IMCAs شروع ہونگے جس میں ایک نیا کورٹ آف پروٹیکشن، پبلک گارجین اور آفس آف دی پبلک گارجین بھی شامل ہے۔

یہ کتابچہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ یہ کیا ہیں۔

یہ ایکٹ آپ کو کس طرح متاثر کرسکتا ہے

اگر آپ کچھ فیصلے کرنے کے اہل نہ ہوں تو یہ ایکٹ وضاحت کرتا ہے کہ :

- آپ کو اپنے فیصلے کرنے کے لئے ممکنہ حد تک مدد دستیاب ہونی چاہئے
- کس طرح آپ کی **صلاحیت کی تشخیص** کی جانی چاہئے کہ آیا آپ کسی مخصوص وقت میں کوئی مخصوص فیصلہ کرنے کے اہل ہیں یا نہیں
- یہ کہ ایسی صورت میں بھی جب آپ اپنے بارے میں انتہائی پیچیدہ فیصلے کرنے کے اہل نہ ہوں، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ مزید سیدھے سادے فیصلے نہیں کرسکتے
- یہ کہ اگرچہ کسی شخص کو آپ کی جانب سے فیصلے کرنا ہے تاہم آپ اب بھی اس میں ممکنہ حد تک شریک رہ سکتے ہیں
- یہ کہ آپ کی جانب سے فیصلے کرنے والے کسی بھی شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ آپ کے **بہتر مفاد** میں فیصلے کرے
- یہ کہ اس سلسلے میں ایک نیا تحفظاتی انتظام ہے، کہ اگر آپ مخصوص اہم فیصلے کرنے کے اہل نہ ہوں اور کوئی ایسا فرد بھی نہ ہو جس سے رابطہ کیا جاسکے تو **انڈیپینڈنٹ مینٹل کیپیسیٹی ایڈوکیٹ** (IMCA) آپ کی نمائندگی کے لئے موجود ہے۔

اگر آپ مستقبل کے بارے میں پیشگی منصوبہ بندی کرنا چاہتے ہیں تو یہ ایکٹ :

- آپ کو ایک **مستقل مختار نامہ (LPA)** بنانے کی اجازت دیتا ہے جس سے آپ ایسی صورت میں اپنے مالی امور اور جائیداد یا نگہداشت صحت اور فلاح کے بارے میں فیصلے کرنے کے لئے کسی کو مقرر کرسکتے ہیں جب آپ خود یہ فیصلے کرنے کے اہل نہ ہوں
- اگرکوئی ایسا مخصوص طبی معالجہ ہے جسے آپ مستقبل میں اس وقت حاصل نہیں کرنا چاہتے جب آپ اسے مسترد کرنے کے اہل نہ ہوں تو آپ کو **'معالجے کو مسترد کرنے کا پیشگی فیصلہ'** کرنے کے قابل بناتا ہے۔

اگر آپ اہل خانہ میں سے یا دیگر بلا معاوضہ نگراں ہیں تو یہ ایکٹ :

- آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرے گا کہ آپ کب اور کس طرح کسی ایسے فرد کی جانب سے کام کرسکتے ہیں جو فیصلے کرنے کا اہل نہیں ہے — او رآپ کے ایسا کرنے کی صورت میں آپ کو اس سے متعلق تحفظات اور پابندیوں سے آگاہ کرے گا۔
- یہ بتاتا ہے کہ پیشہ ور افراد کسی قسم کے فیصلے کے وقت آپ سے رابطہ کرسکتے ہیں، مثال کے طور پر، کوئی ڈاکٹر افراد خانہ میں سے کسی ایسے فرد کے بارے میں فیصلے کرتے وقت جس میں فیصلے کرنے کی صلاحیت نہ ہو۔

اگر آپ صحت یا سماجی نگہداشت کے شعبے میں کام کرتے ہیں تو یہ ایکٹ :

- آپ کو کسی فرد کی دماغی صلاحیت کی تشخیص اور فیصلے کرنے کی اہلیت نہ ہونے کی صورت میں ان کے بہتر مفادات کے تعین کے لئے ایک فریم ورک (خاکہ) پیش کرتا ہے
- ایسی صورت میں تحفظات اور حدود کا تعین کرتا ہے جب آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ کام کر رہے ہوں جو نگہداشت یا معالجہ حاصل کرنے کی منظوری دینے کا اہل نہ ہو۔

اگر آپ قانونی، بینکنگ یا مشاورتی شعبے میں کام کررہے ہوں تو یہ ایکٹ :

دماغی صحت سے متعلق معاملات سے نمٹنے اور تنازعات کے تصفیے، صحت اور فلاح سے متعلق معاملات اور اہلیت نہ رکھنے والے فرد کے مالی امور سے نمٹنے کے لئے ایک واحد، ہم آہنگ فریم ورک تیار کرتا ہے۔

یہ ایکٹ اہم تحفظات کی تخلیق کرتا ہے :

- ایک نیا کورٹ آف پروٹیکشن فراہم کرتا ہے جسے یہ اختیار ہوگا کہ وہ، اعلان کرسکے کہ آیا کوئی فرد اہل نہیں رہا، کسی ایسے فرد کی جانب سے عمل اور فیصلے کرنے کے لئے نائبین کی تقرری یا اس کے لئے حکم جاری کرسکے۔ بہت سے مواقع پر، دشوار صورتحال سے نمٹنے کے لئے عدالت سے رجوع کرنے کے بجائے دیگر طریقے ہوسکتے ہیں، جیسے موجود شکایت کے ضابطہ عمل کے ذریعہ
- ایک نئے سرکاری افسر کی تقرری ہوگی جسے پبلک گارجین کہا جاتا ہے، اس کے پاس اس ایکٹ کے تحت متعدد ذمہ داریاں ہونگی جس میں LPA کی رجسٹری اور عدالت کے ذریعہ مقرر کردہ نائبین کی نگرانی شامل ہوگی۔ پبلک گارجین کو ان ذمہ داریوں کی انجام دہی میں ایک نئے آفس آف دی پبلک گارجین (OPG) سے تعاون ملے گا جو موجودہ پبلک گارجین شپ آفس کی جگہ (PGO) کی جگہ لے گا۔
- اہلیت نہ رکھنے والے فرد کو جان بوجھ کر نظر انداز کیے جانے یا اس کے ساتھ خراب برتاؤ کیے جانے سے متعلق نیا مجرمانہ خلاف ورزی قانون کے تحت رکھا جائے گا۔

ایک ضابطہ عمل، جو کہ اپریل 2007 میں دستیاب ہوگا، میں اس بات کی وضاحت کی جائے گی کہ نیا قانون کس طرح کام کرے گا۔ یہ قانون اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ دوسروں کے ساتھ، پیشہ ور اور معاوضہ حاصل کرنے والے نگراں بھی لازمی طور پر اس قانون کے پابند ہوں گے۔

یہ ایکٹ موجودہ اقرارناموں کو کس طرح متاثر کرے گا؟

اگر آپ کسی ایسے فرد کے متولی (ریسیور) ہیں جو اہل نہیں ہے تو:

- نئے ایکٹ کے آنے کے بعد آپ کے اختیارات برقرار رہیں گے لیکن آپ کو نئے کورٹ آف پروٹیکشن کے ذریعہ مقرر کردہ نائب کی حیثیت حاصل ہوگی۔ پبلک گارجین شپ آفس تمام موجودہ متولیوں سے رابطہ کرے گا تاکہ ضروری انتظامی امور انجام دیے جاسکیں۔ آپ کو ہم سے رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

اگر آپ نے مستقل مختار نامہ (EPA) تیار کیا ہے یا EPA کے تحت کسی کی جانب سے کام کررہے ہیں تو:

- نئے قانون کے آنے کے بعد یہ ایسی صورت میں بھی برقرار رہے گا، اگر اسے ابھی تک رجسٹرڈ نہ کروایا گیا ہو، تاوقتیکہ EPA دینے والا فرد اسے ضائع کرنے اور اس کی جگہ پر LPA دینے کا فیصلہ نہ کرے۔

ایکٹ کے لاگو ہونے سے پہلے

یہ تبدیلیاں کسی بھی صورت میں، آپ کو ابھی ضروری کارروائی کرنے، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنے یا کسی اہلیت نہ رکھنے والے فرد کے مالی امور کا انتظام کرنے سے نہیں روکتیں۔

مزید معلومات کے لئے پبلک گارجین شپ آفس سے درج ذیل پر رابطہ کریں:

ای میل: custserv@guardianship.gsi.gov.uk

ٹیلیفون: 0845 330 2900

یا ویب سائٹ پر جائیں: www.guardianship.gov.uk

نئے ایکٹ کے بارے میں مزید معلومات

ہم اس ایکٹ سے متاثر ہونے والے لوگوں کے درج ذیل گروہوں کے لئے مزید تفصیلی معلومات فراہم کریں گے (مفت) :

1. ایسے لوگ جو اہل نہیں ہیں یا مستقبل کے لئے پیشگی منصوبہ بندی کرنا چاہتے ہیں
2. اہل خانہ اور دیگر بلا معاوضہ نگراں
3. صحت اور سماجی نگھداشت کے شعبے میں کام کرنے والے عملے
4. صلاح کاران
5. آموزشی معذوری والے افراد

اگر آپ یہ کتابچے حاصل کرنا چاہتے ہیں (اس کتابچے کی ایک یا زیادہ کاپیاں) تو براہ کرم ان پرنٹ سے درج ذیل پر رابطہ کریں :

ای میل - reorder@inprintlitho.com

ٹیلیفون - 023 80 878038 یا 023 80 878036

فیکس - 023 80 528324

درخواست کرنے پر یہ کتابچہ دیگر زبانوں اور متبادل شکلوں میں دستیاب ہے۔

رابطے اور معلومات سے متعلق تفصیلات

ڈاک: Mental Capacity Implementation Programme
Department for Constitutional Affairs
5th floor, Steel House
11 Tothill Street
London
SW1H 9LH

ای میل : makingdecisions@dca.gsi.gov.uk

ویب سائٹ : www.dca.gov.uk/legal-policy/mental-capacity

نئےمینٹل کیپیسیٹی ایکٹ سے متعلق معلومات درج ذیل تنظیموں کے ذریعہ پیش کی جارہی ہیں :

Llywodraeth Cynulliad Cymru
Welsh Assembly Government

DH Department of Health

dca
Department for Constitutional Affairs
Justice, rights and democracy

public guardianship office

ref MCIP2

© Crown Copyright 2007